انٹر (پارٹ-II) لاہور بورڈ 2012ء

اردو (لازمی) پرچہ II (معروضی طرز)

وقت: 20 منٹ (پہلا گروپ) کل نمبر: 20

نوٹ: اپنا رولز نمبر اور سوالوں کے جوابات اسی پرچہ پر دی گئی ہدایات کے مطابق لکھئے۔ کاٹ کر یا مٹا کر لکھا ہوا جواب غلط تصور ہوگا۔ یہ حصہ لازماً جوابی کاپی کے ساتھ نتھی کیا جائے۔

1- (الف) درج ذیل کے مختصر جوابات تحریر کیجئے: 5

(i) مولوی نذیر احمد اپنا توشۂ آخرت کسے گردانتے تھے؟

(ii) قادسیہ کی جنگ میں زبردست فوج کے باوجود ایرانیوں کو کیوں شکست ہوئی؟

(iii) زبیر نے کیا جرم کیا تھا جس کی پاداش میں اسے پھانسی کی سزا ملی؟

(iv) نواب محسن الملک کی تقریر کا انداز کس حد تک دلکش تھا؟

(v) سیرۃ العمرین کے مصنف کا نام تحریر کیجئے۔

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درج ذیل جملوں کو درست کیجئے: 5

(i) ویسے ویسے مرض بڑھتا گیا جیسے جیسے علاج کیا۔ ----------

(ii) برے وقت میں مال و منال، آل اولاد کچھ کام نہ آئے۔ ----------

(iii) ورنہ فیل ہو جاؤ گے محنت کرو۔ ----------

(iv) ''مکاتیب اقبال'' چھپ گئے ہیں۔ ----------

(v) کھیت میں دو مرد اور عورتیں کام کر رہے ہیں۔ ----------

(ج) ختمہ کی تعریف کیجئے۔ علامت کی نشاندہی کیجئے اور دو مثالیں بھی تحریر کریں۔ 2,1,2

(د) مندرجہ ذیل مصادر کو بطور امدادی افعال اپنے جملوں میں استعمال کیجئے: 5

جملے

(i) چاہنا: ----------

(ii) سکنا: ----------

(iii) ڈالنا: ----------

(iv) پڑنا: ----------

(v) آنا: ----------

www.sayzlearn.com

انٹر (پارٹ-II) لاہور بورڈ 2012ء

اردو (لازمی) پرچہ II (انشائی طرز)

وقت: 2.40 گھنٹے (پہلا گروپ) کل نمبر: 80

(حصہ اول)

2- (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھئے: 1,1,8

کیا پھولوں نے شبنم سے وضو صحنِ گلستاں میں
صدائے نغمۂ بلبل اٹھی بانگِ اذاں ہو کر
ہوائے شوق میں شاخیں جھکیں خالق کے سجدے کو
ہوئی تسبیح میں مصروف ہر پتی زباں ہو کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھئے: 1,3,3,3

جو کچھ کہ ہم نے کی تمنا، ملی مگر — یہ آرزو رہی ہے کہ کچھ آرزو نہ ہو
جوں شمع جمع ہوویں گر اہل زباں ہزار — آپس میں چاہیے کہ کبھی گفتگو نہ ہو
جوں صبح، چاک سینہ مرا، اے رفو گراں! — یاں تو کسو کے ہاتھ سے ہرگز رفو نہ ہو

(حصہ دوم)

4- سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھئے: 1,1,3,10

(الف) عمر بن عبدالعزیزؒ کی حکومت وسلطنت کا اصل اصول مساوات اور جمہوریت تھا۔ یعنی یہ کہ تمام لوگ یکساں حقوق رکھتے ہیں اور بادشاہ کو کسی پر کسی قسم کی ترجیح حاصل نہیں۔ صرف ملکی امور میں نہیں بلکہ معاشرت اور ذاتی زندگی میں بھی عمر بن عبدالعزیزؒ اس کا لحاظ رکھتے تھے۔

(ب) اس شام ہم گھر کا سارا سودا لینے سپر مارکیٹ گئے۔ بہت سے صاحبان اس ادارے کو جانتے ہیں لیکن بہت سی میری ہم وطن بہنیں اس کے متعلق جاننا چاہیں گی۔ تو سنیے سپر مارکیٹ امریکن سرمایہ داری کا مکمل مظاہرہ اور امریکن طرز حیات کا بنیادی قلعہ اور اس کی لامحدود افراط کا ذخار ہے۔

4- درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: 1,9

(الف) پہلی فتح۔ (ب) ایک سفرنامہ جو کہیں کا بھی نہیں ہے۔

5- نظم "سراغِ راہرو" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: 20

(الف) مخلوط تعلیم فائدہ مند ہے یا نقصان دہ؟ (ب) نظم وضبط کی اہمیت

(ج) انٹرنیٹ کے فوائد/نقصانات۔

7- ایک نا اُمید دوست کے نام خط لکھ کر اسے زندگی کے روشن پہلو دیکھنے کی تلقین کیجیے۔ 10

www.say2learn.com